یہاں سے کاٹئے

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

اس مقام سے کاٹ کر سوالی پرچہ کھولئے

Tear here

**SL. No : FF**

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 54 ]
Total No. of Questions : 54 ]

**CCE PR**
**UNREVISED**

[ ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 8
[ Total No. of Printed Pages : 8

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 66-U** **Code No. : 66-U**

# ವಿಷಯ : ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು

# Subject : Third Language - URDU

**( ಹೊಸ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ / New Syllabus )**

**(ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / Private Repeater)**

ದಿನಾಂಕ : 04. 04. 2018 ] [ Date : 04. 04. 2018
ಸಮಯ : ಬೆಳಿಗ್ಗೆ 9-30 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 12-15 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 9-30 A.M. to 12-15 P.M.
ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 100 ] [ Max. Marks : 100

**عام ہدایات :**

1. سوالنامہ معروضی اور موضوعی قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 54 سوالات ہیں۔

2. اس سوالنامہ کو سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالنامہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔

3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔

4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔

5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالنامہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

## PART-A/حصّہ -الف

درج ذیل سوالات کے جوابات **ایک** جملے میں لکھئے : 12 × 1 = 12

1. سدرۃ المنتہیٰ کسے کہتے ہیں ؟
2. ضلع کلبرگی کی اہم ندیاں کونسی ہیں ؟
3. زمین کا چاند کون بننا چاہتا ہے ؟
4. عالمِ دوست ملانصیر الدین کو کیوں آزمانا چاہتا تھا ؟
5. وہ کیا وجہ ہے کہ شاعر اکبرؔ الہٰ آبادی خود اپنے نہ ہو سکے ؟
6. پروفیسر راہیؔ کا اصل نام کیا تھا ؟
7. ''پیغامِ یکجہتی'' کس شاعر کی نظم ہے ؟
8. میر تقی میرؔ کی غزل کے حوالے سے بتایئے کہ جلانے والے کا حشر کیا ہوا ؟
9. والد کے انتقال کے وقت محمد علی جوہرؔ کی عمر کیا تھی ؟
10. کسان اپنا رشتہ کب تک نبھاتا ہے ؟
11. قلعہ حشام کس کی بے مثال یادگار ہے ؟
12. نانو ذرّات کی ضخامت کتنی ہوتی ہے ؟

نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات **دو یا تین** جملوں میں لکھئے : 11 × 2 = 22

13. کلبرگی کی اہم عمارتوں کے نام لکھئے۔
14. سالِ کبیسہ (Leap year) سے کیا مراد ہے ؟
15. حضور اکرمؐ جب حرمِ پاک پہنچے تو لوگوں نے کس طرح اپنی محبت کا اظہار کیا ؟
16. پروفیسر راہیؔ کے حلیہ کے بارے میں دو، تین جملے لکھئے۔

17. نانو سے کیا مراد ہے ؟

18. مولانا محمد علی جوہؔر کی گول میز کانفرنس میں کی گئی تقریر کو اپنے الفاظ میں لکھئے۔

19. عطؔا کلیانوی کے نزدیک ماحول ناساز کیوں ہے ؟

20. شاعر سید احمد شاکؔر کے مطابق وہ کونسی باتیں ہیں جو ہمیں بدنام کرتی ہیں ؟

21. دوہے میں شاعر نے خودغرضی کا آج کل کیا حال بتایا ہے ؟

22. کسان نظم کے حوالے سے بتائیے کہ ہندوستان کی آزادی کے بعد یہاں کیا کیا تبدیلیاں رونما ہوئیں ؟

23. قدیم دور میں سائنس کی کونسی شاخیں تھیں ؟

درج ذیل سوالات کے جوابات **تین یا چار** جملوں میں لکھئے : 8 × 3 = 24

بحوالۂ متن جملوں کی وضاحت کیجئے :

24. ''جاپانیوں کی ہر چیز چھوٹی ہوتی ہے سوائے کردار کے۔''

25. ''کل شیر شکاریوں کے غول میں گھِر جائے گا۔''

26. ''ارے بے وقوفو ! میں پچھلے دروازے سے بھی تو باہر جا سکتا تھا۔''

درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے :

27. تماشائے دیر و حرم دیکھتے ہیں
تجھے ہر بہانے سے ہم دیکھتے ہیں

28. یہ پھول مجھے کوئی وراثت میں ملے ہیں
تم نے مرا کانٹوں بھرا بستر نہیں دیکھا

29. رہا تُو تو اکثر الم ناک مِیؔر
ترا طَور کچھ خوش نہ آیا ہمیں

کسی ایک نثر نگار کا تعارف لکھئے :

30. (i) کرشن چندر (ii) مجتبیٰ حُسین

کسی ایک کا تعارف لکھئے :

31. (i) علامہ اقبالؔ (ii) حمید الماسؔ

درج ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے : 2 × 4 = 8

32. اُم المومنین حضرت عائشہؓ کی زندگی پر روشنی ڈالئے۔

یا

ڈرامہ ''خاک وطن اور خونِ شہیداں'' کے حوالے سے حضرت ٹیپو سلطانؒ کے کردار پر روشنی ڈالئے۔

کسی ایک نظم کے ابتدائی چار اشعار اپنی یادداشت سے لکھئے :

33. (i) حمد (ii) نعت

## PART-B/حصّہ-ب

درج ذیل سوالات کے چار متبادل جوابات دیے گئے ہیں۔ موزوں ترین جواب کا انتخاب کر کے لکھئے : 15 × 1 = 15

34. وہ کلمہ جو خود اپنے معنی دیتا ہو، کہلاتا ہے۔

A) غیر مستقل کلمہ B) حروف

C) مستقل کلمہ D) مہمل

35. مضمون کے تین حصے یہ ہیں۔

A) آسان، ترتیب وار، روانی

B) تمہید، نفسِ مضمون، اختتام

C) آغاز، ابتداء، شروع

D) عنوان، موضوع، خوشخط

36. سابقہ لفظ کی نشاندہی کیجئے۔

A) اُردودان B) یادگار

C) دردمند D) ہم محلّہ

37. محاورہ ''معذرت خواہ ہونا'' کے معنی یہ ہیں۔

A) معافی چاہنا B) بُرا بھلا کہنا

C) مدد کرنا D) مانگ کرنا

38. ڈرامہ ایک یونانی لفظ 'ڈراؤ' سے مشتق ہے جس کے معنی ہیں۔

A) ناچ کے دکھانا B) کر کے دکھانا

C) گیت گانا D) رقص کرنا

39. غزل کا پہلا شعر کہلاتا ہے۔

A) مقطع B) بیت الغزل

C) مطلع D) مصرعہ

40. لفظ ''قدیم'' کی ضد۔

A) جدت B) جدید

C) مجید D) موجد

41. اللہ تعالیٰ کی تعریف میں لکھی گئی نظم کہلاتی ہے۔

A) حمد B) نعت

C) غزل D) رباعی

42. ''حسَن گنگو کا مزار'' اس جملے میں حروفِ ربط کی نشاندہی کیجئے۔

A) حسَن B) مزار

C) گنگو D) کا

43. وہ حروف جو جملوں میں سبب ظاہر کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں، کہلاتے ہیں۔

A) حروفِ وصل B) حروفِ تردید

C) حروفِ علت D) حروفِ استدراک

44. ان میں سے مرکب لفظ کی نشاندہی کیجئے۔

A) مسیحائے قوم B) رحلت

C) ملازمت D) کلیدی

45. غیر مترادف لفظ علیحدہ کیجئے۔

A) آفتاب B) سورج

C) شمس D) قمر

46. لفظ ''سیاح'' کے معنی یہ ہیں۔

A) دیکھنے والا B) چاہنے والا

C) سیر و سیاحت کرنے والا D) جلنے والا

47. تجارت یا لین دین کے تعلق سے لکھے جانے والے خط کو کہتے ہیں۔

A) نجی خط B) کاروباری خط

C) سرکاری خط D) دفتری خط

48. واحد، جمع کے اعتبار سے غیر متعلق لفظ علیحدہ کیجئے۔

A) دفاتر B) ذخائر

C) جزائر D) منظر

ان سوالات کے مختصر جوابات لکھئے : $2 \times 2 = 4$

49. مفرد جملہ کسے کہتے ہیں ؟

50. رباعی کی تعریف کیجئے۔

## PART-C/حصہ - ج

51. درج ذیل انگریزی جملوں کا آسان اُردو میں ترجمہ کیجئے : 3 × 1 = 3

(i) Cow is a domestic animal

(ii) It gives us milk

(iii) Children like milk

52. اپنے میر معلم کو ایک خط لکھ کر دو دن کی رخصت طلب کیجئے۔ 1 × 4 = 4

یا

اپنے والد محترم کے نام ایک خط لکھئے جس میں اپنی پڑھائی کے متعلق جانکاری دی گئی ہو۔

53. کسی **ایک** عنوان پر مضمون لکھئے : 1 × 4 = 4

(i) تعلیم کی اہمیت

(ii) ماحول کی حفاظت

(iii) آپ کا پسندیدہ کھیل

درج ذیل عبارت کا بغور مطالعہ کیجئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے : 4 × 1 = 4

54. مولانا ابوالکلام آزادؔ 11 نومبر 1888ء کو مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے۔ آزاد کا اصل نام غلام محی الدین تھا۔ اُن کے والد مولوی خیر الدین کلکتہ کے رہنے والے تھے۔ آپ کی ابتدائی تعلیم گھر پر ہوئی۔ آپ بچپن ہی سے بہت ذہین اور چالاک تھے۔ کم عمری ہی میں آزاد نے عربی، فارسی، اُردو اور بنگلہ زبانوں میں مہارت حاصل کر لی۔ آپ مجاہد آزادی بھی تھے اور ہمارے ملک کے پہلے وزیر تعلیم بھی۔ آپ کے پیدائشی دن یعنی 11 نومبر کو ہر سال یومِ تعلیم منایا جاتا ہے۔

سوالات :

(i) مولانا ابوالکلام آزادؔ کب اور کہاں پیدا ہوئے ؟

(ii) مولانا آزادؔ کے والد کہاں کے رہنے والے تھے ؟

(iii) مولانا آزادؔ کم عمری ہی میں کن زبانوں میں مہارت حاصل کر لی تھی ؟

(iv) یومِ تعلیم کب منایا جاتا ہے ؟